سجدہ نہ کرسکتا ہو، تو کیا کھڑے ہو کر قیام ورکوع کرسکتے ہیں؟

مجیب: ابوالحسن جمیل احمد غوری العطاری

فتوی نمبر: Web-510

تاریخ اجراء: 26صفر المظفر1444ھ/23ستمبر2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ایک عورت زمین پر سجدہ نہیں کر سکتی، تو وہ کرسی پر نماز پڑھتی ہے، لیکن قلبی اطمینان حاصل نہیں ہوتا۔ کیا یہ عورت اس طرح کر سکتی ہے کہ کھڑے ہو کر قیام ورکوع کرے اور اس کے بعد کرسی پر بیٹھ کر سجدہ کرے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

ایسا مریض جو نہ زمین پر سجدہ کرنے پر قادر ہو اور نہ ہی زمین پر 12 انگل (9 انچ) اونچی چیز رکھ کر اس پر سجدہ کر سکتا ہو یا سجدہ کرنے سے ناقابلِ برداشت تکلیف ہوگی تو ایسا شخص بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے اور سجدہ کی جگہ اشارہ بھی کر سکتا ہے۔ ہاں یہ خیال رہے کہ جب بیٹھ کر سجدے کے لیے اشارہ کریں، تو جتنا سر رکوع میں جھکایا ہو سجدے میں اس سے زیادہ سر جھکانا ضروری ہے، اگر سجدے کے لیے سر زیادہ نہ جھکایا تو سجدہ نہ ہوگا اور نماز نہیں ہوگی۔

نیز جو شخص رکوع و سجود یا صرف سجود پر قادر نہ ہو وہ اگرچہ قیام پر قادر ہو اس سے قیام اصلاً ساقط ہو جاتا ہے، اس کے لیے افضل یہ ہے کہ نماز بیٹھ کر پڑھے، پھر بھی اگر قیام کرتا ہے تو اسے قیام کرنا، جائز ہے۔

درمختار میں ہے: ”(وان تعذرا) لیس تعذرھما شرطا بل تعذر السجود کاف لا القیام (أومأ قاعدا) وھو أفضل من الایماء قائماً لقربہ من الارض (ویجعل سجودہ أخفض من رکوعہ) لزوماً (والا) یخفض (لا) یصح لعدم الایماء“ یعنی اگر قیام و سجود متعذر (مشکل) ہو جائیں، دونوں کا متعذر ہونا شرط نہیں ہے بلکہ سجدوں کا متعذر ہونا ہی کافی ہے نہ کہ قیام کا، تو بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھے اور اس صورت میں کھڑے ہونے کے بجائے بیٹھ کر نماز پڑھنا افضل ہے کیونکہ بیٹھنے میں زمین سے زیادہ قریب ہوگا اور سجدوں میں رکوع کی بنسبت زیادہ جھکنا لازمی ہے اور اگر سجدوں میں زیادہ نہ جھکا تو اشارہ نہ پائے جانے کی وجہ سے نماز نہیں ہوگی۔“ (الدرالمختار، جلد2، صفحہ684، 685، ملتقطا، کوئٹہ)

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net